**05.12.2025**

**21.15 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ...................... آسیہ میمونہ

**Music**

~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~

☆ وزیراعظم نریندر مودی اور روس کے صدر ولادیمیر پتن نے نئی دلّی میں 23 ویں بھارت-روس سالانہ سربراہ میٹنگ کی مشترکہ صدارت کی۔ دفاع، تجارت، معیشت اور حفظان صحت کے شعبوں میں 16 سمجھوتوں کا تبادلہ کیا گیا۔

☆ وزیراعظم نریندر مودی نے کہا کہ دونوں ممالک، اختراع، مشترکہ پیداوار کرنے اور مشترکہ طور پر تیار کرنے کے ایک نئے سفر کا آغاز کر رہے ہیں۔

☆ بھارت اور روس نے دہشت گردی کا مقابلہ کرنے کے عزم کا اعادہ کیا اور اقوام متحدہ کی فہرست میں شامل دہشت گرد گروپوں کے خلاف کارروائی کا مطالبہ کیا۔

☆ حکومت نے انڈیگو کی پروازوں میں رکاوٹ پڑنے کی وجوہات کا پتہ لگانے کیلئے 4 رکنی کمیٹی تشکیل دی ہے اور 15 دن کے اندر رپورٹ طلب کی ہے۔

☆ صنعتی اداروں نے ریزرو بینک آف انڈیا کے شرح سود میں کمی کے فیصلے کا خیرمقدم کیا ہے۔

☆ اور چنئی میں اسکواش انڈیا ٹور 4 میں Velavan Senthilkumar نے مردوں کا خطاب، جبکہ اناہت سنگھ نے خواتین کا خطاب جیتا۔

~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~

**Music**

اب خبریں تفصیل سے............

**PM - Putin Joint Statement**

بھارت اور روس نے آج دفاع، تجارت، صحت، تعلیم، ثقافت اور میڈیا سے متعلق شعبوں میں 16 سمجھوتوں کا تبادلہ کیا۔ نئی دلّی میں 23 ویں بھارت-روس سالانہ سربراہ میٹنگ میں روس کے صدر ولادیمیر پوتن کے ساتھ مشترکہ پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم نریندر مودی نے اِس اعتماد کا اظہار کیا کہ بھارت اور روس کی دوستی، عالمی چیلنجوں کا مقابلہ کرنے کیلئے طاقت فراہم کرے گی اور یہی باہمی اعتماد دونوں ممالک کے مشترکہ مستقبل کو مزید مضبوط بنائے گا۔ انہوں نے کہا کہ بھارت اور روس دہشت گردی کے خلاف لڑائی میں شانہ بشانہ کھڑے رہے ہیں۔

**SB - 2100 - PM Modi on Terrorism**

یوکرین کے مسئلے پر وزیراعظم نے کہا کہ بھارت نے اِس معاملے پر شروع سے ہی امن قائم کرنے کی وکالت کی ہے۔

انہوں نے اِس مسئلے کے پُر امن اور دیرپا حل کیلئے کی جانے والی تمام کوششوں کا خیرمقدم کیا۔

**SB - 2100 - PM Modi on Ukraine**

وزیراعظم نے کہا کہ دونوں ممالک یوریشیائی اقتصادی یونین کے ساتھ آزادنہ تجارتی معاہدے کو جلد از جلد حتمی شکل دینے کی کوشش کر رہے ہیں۔ جناب مودی نے اعلان کیا کہ بھارت جلد ہی روسی شہریوں کیلئے **30** روزہ مفت ای-ٹورِسٹ ویزا اور **30** روزہ گروپ ٹورِسٹ ویزا شروع کرے گا۔ انہوں نے مزید کہا کہ روس نے انٹرنیشنل **Big Cats Alliance** میں شامل ہونے کیلئے فریم ورک معاہدہ اپنانے کا فیصلہ کیا ہے۔×

**Rev. India Russia Business Forum**

وزیر اعظم نریندر مودی نے آج اعتماد ظاہر کیا کہ بھارت مسلسل اصلاحات، بہتر کارکردگی اور تبدیلی کی پالیسی پر عمل کرتے ہوئے جلد ہی دنیا کی تیسری بڑی معیشت بن جائے گا۔ نئی دلّی میں بھارت-روس کاروباری فورم سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعظم نے اجاگر کیا کہ بھارت اور یوریشیائی اقتصادی یونین کے درمیان آزادانہ تجارتی معاہدے **FTA** پر بات چیت شروع ہوچکی ہے۔ انہوں نے زور دے کر کہا کہ تجارت ہو یا سفارت کاری، کسی بھی ساجھیداری کی بنیاد باہمی اعتماد ہوتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہی اعتماد بھارت-روس تعلقات کی سب سے بڑی طاقت ہے، جو دونوں ممالک کی مشترکہ کوششوں کو سمت اور رفتار فراہم کرتا ہے۔

**SB - Narendra Modi**

جناب مودی نے کہا کہ بھارت اور روس اب اختراع، مشترکہ پیداوار کرنے اور مشترکہ طور پر تیار کرنے کے ایک نئے سفر کا آغاز کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ دونوں ممالک الیکٹرک گاڑیوں کی مینوفیکچرنگ، آٹوموٹیو کل پرزے اور وائرلیس موبیلٹی ٹیکنالوجی میں اشتراک کرسکتے ہیں، جو خصوصاً افریقہ سمیت عالمی خطۂ جنوب کی ترقی میں معاون ثابت ہوگا۔

**SB - Narendra Modi**

**India Russia - Joint Statement**

بھارت اور روس نے دو طرفہ تجارت کو بغیر رکاوٹ جاری رکھنے کیلئے قومی کرنسیوں کے استعمال کے ذریعے باہمی ادائیگی کے نظام کی مشترکہ ترقی جاری رکھنے پر اتفاق کیا ہے۔ **23**ویں بھارت-روس سالانہ سربراہ میٹنگ کے بعد جاری مشترکہ بیان میں کہا گیا ہے کہ دونوں ممالک نے نیشنل پیمنٹ سسٹمز، فنانشل میسجنگ سسٹمز اور سینٹرل بینک ڈیجیٹل کرنسی پلیٹ فارمز کے باہمی عمل کو ممکن بنانے کیلئے مشاورت جاری رکھنے پر اتفاق کیا ہے۔

دونوں فریقوں نے بھارت کو کھادوں کی طویل مدتی سپلائی کو یقینی بنانے کے اقدامات کا خیر مقدم کیا اور اِس شعبے میں مشترکہ کمپنیاں قائم کرنے کے امکان پر تبادلۂ خیال کیا۔ انہوں نے ہنرمند ورکروں کے آنے جانے سے متعلق سمجھوتوں پر دستخط کا بھی خیر مقدم کیا۔

دونوں فریقوں نے مستحکم اور مؤثر ٹرانسپورٹ کوریڈورز کی تعمیر میں باہمی تعاون کو وسعت دینے پر اتفاق کیا، خصوصاً بین الاقوامی شمال-جنوب ٹرانسپورٹ کوریڈور INSTC، Chennai-Vladivostok مشرقی سمندری کوریڈور اور شمالی سمندری راستے بنانے کیلئے بنیادی ڈھانچے میں اضافہ پر زور دیا۔×

**MEA Putin**

خارجہ سکریٹری وکرم مسری نے آج کہا ہے کہ وزیر اعظم نریندر مودی اور روس کے صدر ولادیمر پوتن کے درمیان بات چیت میں مجوزہ آزادانہ تجارتی معاہدے پر توجہ مرکوز کی گئی، جو بھارت اور یوریشیائی اقتصادی یونین کے درمیان زیر غور ہے۔
آج شام نئی دلی میں میڈیا کو تفصیلات بتاتے ہوئے ، جناب مسری نے کہا کہ توقع ہے کہ یہ معاہدہ تجارتی خسارے سے متعلق مسائل کا حل نکالنے میں معاون ثابت ہوگا۔ انھوں نے کہا کہ دونوں فریقوں کے درمیان اس بات پر اتفاق ہوا ہے کہ طے شدہ مدّت کے دوران جلد حل کے لئے تبادلۂ خیال کو مزید تیز کرنے کی ضرورت ہے۔
خارجہ سکریٹری نے کہا کہ بھارت-روس دفاعی اور فوجی تکنیکی تعاون بیحد مضبوط ہے۔ انھوں نے اجاگر کیا کہ روس اِس شعبے میں ہمیشہ بھارت کی میک اِن انڈیا پہل کی حمایت کرنے کے لئے پرعزم ہے۔ عالمی اور کثیر رخی مسائل پر انھوں نے کہا کہ دونوں رہنماؤں نے عالمی گورننس میں اصلاحات کیلئے مشترکہ عزم کا اعادہ کیا ہے۔ انھوں نے موجودہ زمانے کی حقیقتوں کے تناظر میں اقوام متحدہ سلامتی کانسل میں اصلاحات کرنے پر بھی زور دیا۔×

**India-RussiaTerrorism**

بھارت اور روس نے دہشت گردی، انتہا پسندی، بین الاقوامی منظّم جرائم، منی لانڈرنگ، دہشت گردوں کی مالی اعانت اور منشیات کی غیر قانونی اسمگلنگ جیسے چیلنجوں اور خطرات سے نمٹنے کے میدان میں دو طرفہ اور کثیر رُخی تعاون کو مضبوط بنانے کے عزم کا اعادہ کیا ہے۔ ایک مشترکہ بیان میں دونوں رہنماؤں نے ہرقسم کی دہشت گردی سے لڑنے اور اس کی روک تھام اور دہشت گردوں کی سرحدپارنقل وحرکت اور اُن کی مالی اعانت کے نیٹ ورکس اور محفوظ پناہ گاہوں کی روک تھام اور ان کا مقابلہ کرنے کے مضبوط عزم کا اعادہ کیا۔ دونوں رہنماؤں نے پہلگام، جموں وکشمیر اور روس میں Crocus سٹی ہال میں دہشت گردانہ حملے کی سخت مذمت کی۔
دونوں ممالک نے اقوام متحدہ کی فہرست میں شامل تمام دہشت گرد گروپوں اور اداروں بشمول القاعدہ، ISIS / داعش اور اُن سے وابستہ افراد کے خلاف ٹھوس کارروائی کرنے پر زور دیا۔ اس میں کہا گیا ہے کہ دہشت گردوں کی محفوظ پناہ گاہوں کو جڑ سے اکھاڑ پھینکنا، دہشت گردی کے نظریئے کا مقابلہ کرنا، دہشت گردوں کی مالی اعانت کرنے والے چیلنجز اور اُن کے بین الاقوامی جرائم کے ساتھ گٹھ جوڑ کرختم کرنا اور دہشت گردوں کی سرحد پارنقل وحرکت کو روکنا شامل ہے۔×

**DGCA Committee**

حکومت نے اِنڈیگو پروازوں کے آپریشن میں خلل کی وجہ بننے والے حالات کا جامع جائزہ لینے کیلئے چار رُکنی کمیٹی تشکیل دی ہے۔ کمیٹی سے 15 دنوں کے اندر رپورٹ پیش کرنے کو کہا گیا ہے۔ DGCA نے ایک بیان میں کہا ہے کہ یہ کمیٹی،

بڑے پیمانے پر پروازوں میں رُکاوٹ کی وجوہات کی پہچان کرے گی۔ اِن میں ناکافی افرادی قوت کی منصوبہ بندی، بدلتے روسٹرنگ نظام اور فلائٹ ڈیوٹی ٹائم لمٹ، FDTL کار کے مرحلہ-2 کے نفاذ کے پس منظر میں کی گئی تیاریاں شامل ہیں۔ اس کے علاوہ کمیٹی پروازوں کے استحکام میں آئی رُکاوٹ کی وجہ بننے والی ناکام منصوبہ بندی کی ذمہ داری اور جواب دہی طے کرے گی۔ کمیٹی اس بات کا بھی پتہ لگائے گی کہ ایئرلائن، پروازوں کی بحالی کیلئے معقول اقدامات کررہی ہے یا نہیں۔

DGCA نے مزید کہا کہ نظرثانی شدہ التزامات کے نفاذ کو مدنظر رکھتے ہوئے وہ اِنڈیگو سمیت سبھی شیڈیولڈ ایئرلائنز کو مشورہ دیتا ہے کہ وہ افرادی قوت کی جامع منصوبہ بندی، روسٹر کی تشکیل نو اور تھکان سے نمٹنے کے نظرثانی شدہ فریم ورک کی جانب آسان منتقلی کو یقینی بنانے کیلئے نفاذ سے متعلق تیاریوں کا جائزہ لیں۔×

**Amit Shah - Gujurat**

امور داخلہ اور امداد باہمی کے مرکزی وزیر امت شاہ نے کہا ہے کہ صرف کھیل کا شعبہ ہی چار خصوصیات یعنی نظم و ضبط، ٹیم اسپرٹ، صبر وتحمل اور کھیل کا جذبہ پیدا کرسکتا ہے۔ گجرات کے احمد آباد میں MP کھیل مہوتسو کی اختتامی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے جناب شاہ نے کہا کہ ملک بھر کے 300 سے زیادہ حلقوں میں ڈیڑھ لاکھ سے زیادہ طلبہ اور بزرگ شہری MP کھیل مہوتسو میں حصہ لے رہے ہیں۔ اِس سے قبل جناب شاہ نے گاندھی نگر کے مہاتما مندر میں 2 روزہ اَرتھ سمٹ کا افتتاح کیا۔×

**Rijiju Waqf Properties**

اقلیتی امور کے مرکزی وزیر کرن رجیجو نے سبھی متولیوں کو یقین دلایا ہے کہ وزارت اُن لوگوں پر اگلے تین مہینے تک کوئی جرمانہ عائد نہیں کرے گی اور نہ ہی کوئی سخت کارروائی کرے گی جنھوں نے امید پورٹل پر اپنا اندراج نہیں کرایا ہے۔

**S/B 1400 SI Kiren Rijiju Waqf**

وزیر موصوف نے یہ بھی کہا کہ وقف قانون بنانے کے بعد وزارت نے امید پورٹل کا آغاز کیا ہے اور متعلقہ پارٹیوں کو 6 مہینے کا وقت دیا ہے کہ وہ سبھی وقف اِملاک کو اس پورٹل پر رجسٹرڈ کرادیں۔ انھوں نے کہا کہ امید پورٹل پر ابھی تک ایک لاکھ 15 ہزار سے زیادہ وقف اِملاک کا اِندراج کرایا جاچکا ہے۔ نئی دلّی میں نامہ نگاروں سے بات کرتے ہوئے جناب رجیجو نے کہا کہ آج آخری دن ہے اور لاکھوں اِملاک ایسی ہیں جنھیں ابھی تک رجسٹرڈ نہیں کرایا گیا ہے۔×

**Naidu - Civil Aviation**

شہری ہوابازی کے وزیر رام موہن نائیڈو نے شہری ہوابازی کی وزارت میں قائم کنٹرول روم کو انڈیگو کی پروازوں کے رد ہونے اور تاخیر سے پیدا ہونے والی غیر معمولی صورتحال پر مسلسل نظر رکھنے کی ہدایت دی ہے۔ وزیر موصوف نے آج صبح کنٹرول روم کا دورہ کیا اور اُس کے کام کاج کا جائزہ لیا، تاکہ بالخصوص مسافروں کو بروقت معلومات فراہم کرنے کیلئے تمام متعلقہ فریقوں کے درمیان موثر رابطے کو یقینی بنایا جاسکے۔ تمام ہوائی اڈوں سے ملنے والی تازہ ترین معلومات کی نگرانی کی جارہی ہے تاکہ مناسب ردعمل اور وسائل کی مؤثر تعیناتی کو یقینی بنایا جاسکے، خاص طور پر ان مسافروں کی سہولت کے لیے جو مختلف

ٹرمینلز پر پھنسے ہوئے ہیں۔×

**Final LS - Health Security Cess**

لوک سبھا نے ہیلتھ سکیورٹی سے نیشنل سکیورٹی **Cess** بل **2025** کو منظوری دے دی ہے۔ اِس بل کا مقصد پان مصالحہ اور ایسی دیگر اشیا، جنہیں مرکزی حکومت نوٹیفائی کرے گی، کی پیداوار پر محصول لگاکر صحت عامہ اور قومی سلامتی کیلئے فنڈ میں اضافہ کرنا ہے۔ اِس محصول سے حاصل ہونے والی رقم صحت عامہ اور قومی سلامتی سے متعلق اخراجات پر استعمال کی جائے گی۔×

**Sri Lanka NDRF**

سری لنکا میں آج اتھارٹیز کی جانب سے جاری کیے گئے اعداد و شمار کے مطابق دو دہائیوں میں اَب تک سب سے بدترین قدرتی آفت سے مرنے والوں کی تعداد بڑھ کر **607** ہوگئی ہے۔

سمندری طوفان **Ditwah** کی وجہ سے آئی تباہی کے بعد سے اب تک **214** افراد لاپتہ بتائے جاتے ہیں۔ اس طوفان کے بعد سری لنکا کے متعدد ضلعوں میں تودے کھسکنے اور سیلاب کے واقعات پیش آئے ہیں۔

بھارت کے آپریشن ساگر بندھو کے تحت طوفان کے بعد سری لنکا کی مدد کے لئے بڑے پیمانے پر امداد بھیجی گئی ہے، جس میں راحت سے متعلق **58** ٹن سازوں سامان، میڈیکل سینٹر **Bailey Bridge** یونٹ، **NDRF** کی ٹیمیں، ہیلی کاپٹر اور بحری مدد شامل ہے۔×

**RBI - Repo Rate**

فیڈریشن آف انڈین چیمبرس آف کامرس اینڈ انڈسٹری (فِکّی) کے صدر **Anant Goenka** نے ریزرو بینک آف انڈیا کی جانب سے ریپو ریٹ میں صفر اعشاریہ دو پانچ فیصد کی کمی کا خیرمقدم کرتے ہوئے کہا ہے کہ شرح سود میں یہ متوازن کمی قرض کی مانگ میں اضافہ کرنے میں مددگار ثابت ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ شرح سود میں کمی سے صنعت اور صارفین، دونوں کیلئے قرض لینے کی لاگت کم ہوگی اور موجودہ ترقی کی رفتار کو مزید تقویت فراہم ہوگی۔

فیڈریشن آف انڈین ایکسپورٹ آرگنائزیشنز **FIEO** نے بھی ریپو ریٹ میں صفر اعشاریہ دو پانچ فیصد کی کمی کے فیصلے کا خیرمقدم کیا ہے اور اِسے بروقت اور حوصلہ افزا قدم قرار دیا ہے، جو **Liquidity** کے دباؤ کو کم کرے گا اور برآمدی مسابقت کو مضبوط بنائے گا۔

**FIEO** نے کہا کہ یہ فیصلہ ایسے وقت میں آیا ہے، جب برآمدکاروں کو عالمی سطح پر مانگ میں اُتار چڑھاؤ اور غیر متوقع پیداواری اخراجات کا سامنا ہے۔×

**IMD Weather**

محکمۂ موسمیات **IMD** نے ہریانہ، چنڈی گڑھ اور دہلی، جھارکھنڈ، اڈیشہ اور پنجاب میں کل کیلئے شدید سردی پڑنے کی

پیش گوئی کی ہے۔ موسمیات کے محکمے نے ہماچل پردیش اور اڈیشہ میں اگلے دو روز کے لئے شدید کہرا چھانے کا بھی امکان ظاہر کیا ہے۔

اسی طرح آسام، میگھالیہ، ناگالینڈ، منی پور، میزورم اور تریپورہ میں اگلے دو دن کے دوران اسی طرح کا سرد موسم رہنے کی پیش گوئی کی ہے۔×

## Squash Final

اسکواش میں، بھارت کی سرکردہ کھلاڑی اناہت سنگھ نے تجربہ کار بھارتی کھلاڑی جوشنا Chinappa کے خلاف اپنی کامیابی کا سلسلہ جاری رکھتے ہوئے، آج چنئی میں HCL اسکواش انڈین ٹور 4 میں خواتین کا خطاب جیت لیا۔ 17 سالہ اناہت نے 52 منٹ کے دلچسپ فائنل میں سابق عالمی نمبر 10 جوشنا Chinappa کو 3-2 سے شکست دی۔

مردوں کے مقابلے میں Velavan Senthilkumar نے مصر کے کھلاڑی Adam Hawal کو 3-1 سے ہرا کر خطاب نہ جیتنے کا سلسلہ ختم کیا۔ یہ Velavan Senthilkumar کا پچھلے 15 مہینے میں پہلا خطاب ہے۔×

## Womens Hockey Junior World Cup

خواتین FIH ہاکی جونیئر ورلڈ کپ 2025 میں، بھارت نے Chile کے Santiago میں Final Pool میچ میں آئرلینڈ کو ہرا دیا۔ صفر کے مقابلے 4 پوائنٹس کی اس جیت کے ساتھ بھارت Pool C کے Top Spot پر پہنچ گیا ہے۔

پورنما یادو کے ڈبل گول کے ساتھ Kanika Siwach اور Sakshi Rana کے ایک ایک گول کے ساتھ بھارت نے اپنی جیت درج کی۔×

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆